جسمانی دردیں

تحقیقاتُ المجربات

چیف ایڈمن: ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

تدوین و ترتیب و پی ڈی ایف میکر: حکیم ایم ارشد شاہین لاہور

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ
جسمانی دردیں
PAK TIBBI RESEARCH FOUNDATION PAKISTAN
PTRF
واٹس ایپ طبّی گروپ
تحقیقاتُ المُجرّبات
سے ماخوذ مجربات کا مجموعہ

✍ گروپ چیف ایڈمن

ڈاکٹر جناب تنویر اقبال بٹ صاحب۔

✍ گروپ ایڈمن

حکیم سیّد محمد عمران شاہ بخاری۔

✍ گروپ ایڈمن

ابو احمد علی زئی۔

✍ کمپوزنگ و پی ڈیف ایف میکر

حکیم ایم ارشد شاہین لاہور کینٹ

0323-4422244

پیش لفظ

معزز اراکین گروپ

اَلسَلامُ عَلَيْكُم وَرَحْمَةُ اَللهِ وَبَرَكاتُه

✍ ایک انتہائی اہم ٹاپک لگایا گیا ہے۔ جو ہر مطب و طبیب کی ضرورت ہے۔ کسی بھی مرض میں جب ساتھ درد بھی شامل ہو جائے تو اس وقت مرض انتہائی اذیت ناک ہو جاتا ہے۔ اور اس وقت اگر صرف درد ہی کنٹرول کر لیا جائے تو مریض اور لواحقین طبیب کی مسیحائی کے قائل ہو جاتے ہیں۔

درد کی بہت سی اقسام ہوتی ہیں۔ اور یہ ایک علامت کے طور پر کم و بیش ہر مرض میں ظاہر ہوتا ہے۔ اور کبھی یہ علامت اتنی شدید ہو جاتی ہے۔ کہ اصل مرض بھول جاتا ہے۔ اور مریض اللہ تعالٰی سے دُعا کرتا ہے کہ کم از کم اس اذیت سے نجات حاصل ہو جائے، ایسے میں اس درد کی شدت کو کسی بھی طرح کنٹرول کر لیا جائے تو مریض و لواحقین معالج کو دعائیں دیتے نہیں تھکتے۔ اور اس معالج کی حذاقت کے قائل ہو جاتے ہیں۔ اور اس اذیت سے ایک انسان کو نجات دلانا بھی بہت بڑی نیکی ہے۔ لہذا تمام دوست اس ٹاپک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں کہ کسی ایک انسان کا درد بھی آپ کے نسخہ سے کم ہو گیا تو اللہ کریم کی رحمت سے بعید نہیں کہ یہی آپ کی نجات کا ذریعہ بن جائے۔

آپ سب کا بھائی و خادم
ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ

فہرست مضامین

شمار عنوان نسخہ جات .... صفحہ نمبر

ٹاپک

دردیں

✍ سر درد، آنکھ درد، کان درد، دانت درد، سینہ درد، معدہ درد، جگر درد، پتہ درد، درد دل، گردہ درد، مثانہ درد، درد رحم، جوڑ درد، جسم درد، چوٹ کا درد وغیرہ۔

✍ طبی گروپ تحقیقات المجربات PTRF میں 26 اکتوبر 2022ء سے 6 دسمبر 2022ء تک دردوں کا ٹاپک لگایا گیا۔ اطباء کرام کی جانب سے وَقتاً فوقتاً جو قیمتی مجربات گروپ میں شیئر کیئے گئے بعد ازاں ان تمام نسخہ جات کو جمع کر کے PDF بنا دی گئی ہے جو افادۂ عام کے پیشِ نظر حاضرِ خدمت ہے، ملاحظہ فرمائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

حکیم ایم ارشد شاہین لاہور کینٹ
03234422244

ڈکلوفینک کو بھول جائیں

ڈکلوفینک کیا ہے؟ متعدد مرتبہ اسے بری طرح فیل ہوتے دیکھا ہے۔ جب یہ فیل ہو تو پھر اونوسپا اور آخر میں کینز کو میدان میں لایا جاتا ہے۔ لیکن طب یونانی کی **حب شفا** کا نسخہ پہلی دفعہ ہی کامیاب رہتا ہے۔ اور نوّے فی صد راحت کا باعث بنتا ہے۔ اورافیون جو خالص ہربل دوا ہے۔ اس پہ سزائے موت و عمر قید یا پھر لمبے چوڑے اجازت نامہ کے بعد جائیز طریقہ سے میسر آتی ہے۔ جسکے جوہر بلاجھجک ایلوپیتھک والے استعمال کرواکے اپنی واہ واہ کرواتے ہیں۔

آپ درج ذیل حب شفا کا نسخہ بنا کر رکھیں اور پھر ڈکلوفینک کو بھول جائیں۔

حب شفا

مجرب المجرب از ڈاکٹر تنویر اقبال، بانی پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن۔

هوالشافی:۔

تخم جوزماثل سیاہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔30 گرام

ریوند چینی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔20 گرام

اجوائن خراسانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔20گرام

زنجبیل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10گرام

صمغ عربی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10گرام

ترکیب تیاری :۔ پہلی چار ادویات علیحدہ علیحدہ مبالغہ کی حد تک باریک سفوف بنائیں۔ پھر ان کو ملا کر کسی اچھے کھرل میں ایک گھنٹہ صمغ عربی کے لعاب سے کھرل کریں۔ اور حبوب بقدر نخود سیاہ بنائیں۔ یہ حبوب خشک ہونے کے بعد سیاہ مرچ جتنی ہو جاتی ہیں۔ پھر اگر اللہ توفیق دے تو ان پہ بہتر دفعہ یا کم ازکم اکتالیس مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھ کر دم کر لیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنا مت بھولیں۔

مطب میں اور کچھ رکھیں یا نہ رکھیں۔ اسے ضرور رکھیں۔ یہ اسی فی صد امراض میں مختلف بدرقہ جات سے کفایت کرتی ہیں۔ اور دردوں کے لئے تو اس سے بہتر فرسٹ ایڈ کوئی دوا مشکل ہی ہوگی۔

✍ حکیم عبد الرشید اللہ والے کھڈیاں خاص اسمیں دارچینی کا اضافہ کرتے تھے پھر یہ دوا ضعف قلب کے مرضاء کو تکلیف نہیں دیتی۔ ﴿حکیم محمد عون لاہور﴾

✍ ایک دو چیزوں کی کمی بیشی کو ہی بدرقہ مناسبہ کہا جاتا ہے۔ اصل نسخہ میں اضافہ نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ دارچینی کے قہوہ سے ہی کھلا دیا جائے گا۔ یا ضعف قلب کی رعایت رکھتے ہوئے ساتھ یاقوتی وغیرہ استعمال کروا دی جائے۔ یا خمیرہ مروارید سے یا عرق گاؤزبان و بید مشک سے استعمال کروا دیا جائے۔ ﴿ڈاکٹر تنویر اقبال﴾

✍ قابل صد احترام ڈاکٹر تنویر بٹ صاحب کیا آپ تخم جوز ماثل اور اجوائن خراسانی کو مدبر کرتے ہیں یا نہیں؟ میری معلومات کے مطابق ان دونوں مفردات کو مدبر کر کے استعمال کیا جائے تو بیضرر اور زیادہ موثر ہیں پلیز راہنمائی فرمائیں۔

✍ آج تک تو بغیر کسی تدبیر کے ہی شامل کر رہے ہیں۔ آپ کے مشورہ سے مدبر کر کے شامل نسخہ کر لیتے ہیں اور پھر دیکھتے ہیں رزلٹ میں کیا فرق پڑتا ہے۔

دردِ پتّہ کے لیئے انجیکشن نما

پہلی بار تو یہ میری نظر سے سیالکوٹ کے حکیم جناب مرزا طیب الحق صاحب کی تحریر میں گزرا تھا پھر متعدد دوستوں نے تصدیق کی۔ اور بندہ نے بھی کلینیکل ٹرائل میں واقعی فوری اثرات کا حامل پایا کہ محض پانچ منٹ میں دردِ پتہ سے تڑپتا ہوا مریض راحت و سکون محسوس کرنے لگتا ہے۔

هُوَالشَّافِی:۔ **سوہاگہ** لے کر کسی کڑاہی وغیرہ میں بالکل بریاں کر لیں۔ کہ پھول کر نرم مکھانے کی طرح ہو جائے۔ اسے پیس لیں اور پھر بقدر تین گرام لے کر دو چمچ شہد ملا کر مریض کو چٹا دیں۔ پانچ منٹ میں درد تھم جاتا ہے۔ اگر ضرورت پڑے تو دس منٹ بعد دوبارہ اتنی ہی مقدار میں اسی طریقہ سے کھلا دیں۔ البتہ دوسری دفعہ کھلانے کی آج تک ضرورت پیش نہیں آئی۔

پیٹ درد کیلئے

اجوائن دیسی نیم بریاں۔۔۔ 100 گرام

سوہاگہ پھول کردہ ۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

میٹھا سوڈا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

میں نے یہ تینوں چیزیں ملا کر رکھی ہوئی ہیں۔ پیٹ کی اکثر دردوں میں فوری طور پہ اکیلا نسخہ ہی کفایت کرتا ہے۔

ایک چمچ دوا کو نیم گرم پانی سے پلائیں۔ اور کلینک پہ ہی مریض کی دعائیں لیں۔

﴿ڈاکٹر تنویر اقبال، بانی پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن﴾

پین کِلر

تخم جوزماثل۔۔۔۔ دوسو گرام

اجوائن خراسانی۔۔۔ ایک سو گرام

تخم بھنگ ۔۔۔۔۔ ایک سو گرام

پانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دو لیٹر

معروف طریقہ سے رُب تیار کرلیں۔ اور پین کلر کے طور پر کہیں بھی افیون کی جگہ استعمال کر سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ بہت حد تک متبادل ثابت ہو گا۔

﴿ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ، پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن﴾

اس فارمولہ کو سب بھائی نوٹ فرمائیں۔ اور استعمال میں لائیں، ویسے ہمارے ملک میں کثرت سے پائی جانے والی بھنگ کو عین شباب کے وقت مکمل پودے کا رب تیار کر کے محفوظ رکھنا چاہیئے۔ کسی بھی انگلش پین کلر سے کم نہیں ہے۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام سے ایک گرام تک۔

﴿ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ، پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن﴾

سدر و دوار

سدر و دوار (چکر آنا) کیلیئے باالکیفیت اور باالخاصہ مجربات:

*اطریفل کشنیز روغن گائے والی مجرب ترین ہے

*نرکچور کا سفوف 500mg بنا کر دیں فوری چکر ختم ہو جاتے ہیں۔

کمر، مہروں اور ڈِسک تکلیف

کمر کا درد، ڈسک کی تکلیف، مہروں کا ہلنا اور ان کے درمیان خلاء کا پیدا ہو جانا وغیرہ تکالیف کیلیئے از حد مجرب نسخہ پیشِ خدمت ہے۔

نسخہ مستقل مزاجی سے کچھ عرصہ استعمال کرنا شرط ہے۔ ان شاء اللہ مکمل فائدہ ہو گا۔

ھوالشافی:۔

اسگندھ ناگوری، بدھارہ، بھکھڑا، سنڈھ، مغز بادام، مغز اخروٹ، مغز ناریل، مووِیز منقیٰ، ہر ایک 100 گرام۔

ترکیب: آپ نہایت باریک کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں۔ ایک چمچ دودھ کے ہمراہ دن میں تین دفعہ یا حسب طبیعت کم و بیش کر سکتے ہیں۔ مستقل توجہ دھیان سے استعمال کرنے سے انشاء اللہ مکمل فائدہ ہو گا۔

﴿حکیم ایم ارشد شاہین لاہور﴾

دردیں ہمہ قسم

اسگند ناگوری، کرن الایل، سرنجاں شیریں، کشنیز، مغز کرنجوہ، اسپرین۔ تمام چیزیں برابر وزن۔ معمول مطب نسخہ ہے۔

تقریباً تمام قسم کی دردوں کیلیئے مجرب ثابت ہوا ہے۔

مقدار خوراک : ایک گرام۔ ﴿عبدالوحید بیتُ الحکمت﴾

گلے کا درد

قسط شیریں سفوف شہد میں ملا کر دیں۔ گلے کے درد اور سوزش میں بہت مفید ہے۔ ﴿حدیث نبوی سے ثابت نسخہ ہے۔﴾

سفوفِ احمر، دیسی اسپرین

یہ طب جدید شاہدرہ والوں کا ایک نہایت ہی لاجواب نسخہ ہے۔ بدن کے کسی بھی حصہ میں درد ہو اس کی محض ایک خوراک پانی سے کھلا دینے سے اللہ کے فضل سے پانچ منٹ میں درد رک جاتا ہے۔ کسی بھڑ، ڈیموں یا بچھو کے کاٹے کے درد کو پہلی ہی خوراک سے فورا سکون مل جاتا ہے۔ بخار میں بے چینی، گھبراہٹ اور پیاس وغیرہ کی علامات چند منٹ میں دور کرتا ہے۔ بخار اتارتا ہے۔ سر درد، کمر درد، ذات الجنب اور چوٹ وغیرہ کی دردوں کو فوری آرام بخشتا ہے۔ انگریزی دوا "اسپرین و ڈسپرین" سے زیادہ سریع الاثر ہے۔

ھوالشافی:۔ نمک خوردنی ایک پاؤ کو کسی آہنی برتن میں رکھ کر آگ پہ رکھیں۔ اور تیز سرکہ کی ایک بوتل تھوڑی تھوڑی کرکے اس نمک پہ

ڈالتے رہیں۔ حتیٰ کہ تمام بوتل جذب ہو جائے۔اب اسے آگ سے نیچے اتار کر کشتہ گوؤنتی دس تولہ اور گیرو پانچ تولہ ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک :۔ 250 ملی گرام سے 500 ملی گرام ہمراہ آب تازہ

﴿ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ، پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن﴾

یہ نسخہ بھی بہت مفید ثابت ہوا ہے۔قابلِ معمول مطب ہے۔

امرت دھارا

هوالشافی:

ست پودینہ، ست اجوائن، کافور دیسی۔

ہموزن کسی ائیر ٹائیٹ شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ سب پانی ہوجائے گا۔

دانت درد، پیٹ درد، بغیر زخم چوٹ درد، سر درد، کان درد، حشرات وغیرہ کے کاٹے کا درد وغیرہ میں لاتعداد افراد کا مجرب ہے۔اور کچھ لوگوں نے مختلف ناموں سے مشتہر بھی کر رکھا۔ بعض اس میں روغن دارچینی۔روغن لونگ اور یو کلپٹس آئل وغیرہ کا اضافہ بھی کرتے ہیں۔

دردوں وغیرہ پر روئی کی پھریری سے اور پیٹ وغیرہ کی درد میں ایک دو قطرے چینی وغیرہ پہ ڈال کر چوسائیں۔ ان شاء اللہ چند لمحوں میں درد ختم ہو جائے گا۔

اس کے استعمال کی ایک لمبی فہرست ہے۔ اکثر حکما کے مطب کی زینت ہے۔ ہمارے ایک دوست تو ایمر جنسی کے لئے ہر وقت اپنی جیب میں لئے پھرتے ہیں۔

﴿ترتیب و تحریر و تصدیق : ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ، پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن﴾

دانت درد کی فوری اثر دواء

✍ دو قطرے امرت دھارا روئی پہ لگا دانت میں رکھیں۔ ایک منٹ میں دانت کا درد دور۔

✍ امرت دھارا دانت درد کی فوری اثر اور تیر بہدف دواء ہے۔

﴿محمد عرفان جٹ وہاڑی﴾

حب کچلہ عتیقی

حسبِ وعدہ کچلہ کی گولیوں کا نسخہ دوستوں کی خدمت میں حاضر ہے۔

هوالشافی:

کچلہ مدبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

دارچینی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

لونگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

جائفل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 10 گرام

جلوتری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

مگھاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

زعفران ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10 گرام

آبِ ادرک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔2 لٹر

تمام ادویات میں ادرک کا پانی بذریعہ کھرل جذب کرنا ہے۔ جب حبوب بنانے کی قابل ہو جائے تو چنے کے دانے برابر گولیاں بنا لیں۔

○ ایک گولی ہمراہ دودھ گھی استعمال کروائیں۔

○ یہ گولیاں بلغمی و اعصابی مزاج کے حامل افراد و امراض کے لئے بہترین اکسیری و تریاقی اثرات مرتب کرتی ہیں۔

سب سے پہلی مرتبہ یہ نسخہ اپنے استاد محترم مولانا عبدالرحمٰن عتیقؒ کے کہنے پہ 1985ء میں طالب علمی کے زمانہ میں انہیں کے بتانے اور حکم سے بنا کر ایک بے اولاد شخص کو دیا جسے اللہ تعالیٰ نے اولاد نرینہ کی دولت سے نوازا۔ اُس نے اس وقت شکریہ کے طور پہ بوسکی کا سوٹ، راڈو گھڑی، زعفران کی ڈبیہ اور مٹھائی کا ڈبہ مسجد میں لا کر دیا۔ جس

میں سے زعفران کی ڈبیہ مجھ ناچیز کو عطا ہوئی، مٹھائی طلبا میں تقسیم کر دی گئی، گھڑی اور سوٹ شکریہ کے ساتھ واپس کر دیا گیا۔

(اللہ تعالیٰ میرے ولی صفت استاد کے درجات بلند فرمائے۔ انہوں نے ہمیں حکیم انقلاب صابر ملتانیؒ صاحب سے متعارف کروایا تھا۔)

نسخہ ہٰذا میں کچلہ کو درج ذیل طریقہ سے مدبر کر کے شامل کیا جاتا ہے۔

کچلہ مدبر

کچلہ کو کئی طریقہ سے مدبر کر کے نسخہ جات میں شامل کیا جاتا ہے۔ لیکن مذکورہ بالا نسخہ میں درج ذیل ترکیب سے تیار کر کے شامل کرتے ہیں۔

ایک مٹی کی کنالی میں دریا کی ریت بچھا کر اوپر کچلے علیحدہ علیحدہ چن دیں۔ اور پھر اوپر دوبارہ ریت ڈال کر اچھی طرح ڈھانپ دیں۔ اور دریا یا کنویں کا پانی ڈال کر کُنالی کو بھر دیں۔ یہ پانی روزانہ بدلنا ہوتا ہے۔ سات دن بعد ان پھولے ہوئے کچلوں کو چھیل کر درمیان سے زہریلہ پان کی مانند چھوٹا سا پتہ نکال دیا جاتا ہے۔ پھر ان کچلوں کو فوراً نرم حالت میں ہی ہمام دستہ سے خوب کوٹا جاتا ہے۔ کھوپرا کے سفوف کی طرح کا پاؤڈر بنا لیا جاتا ہے۔ اور پھر قدرے روغن گاؤ میں ہلکا براؤن کر کے شاملِ نسخہ کر لیا جاتا ہے۔

حب کچلہ عتیقی سے بفضل تعالی گنٹھیا سے جکڑے ہوئے مریض ہفتہ عشرہ میں ہلنے جلنے لگ جاتے ہیں۔ اور ایک دو ماہ میں اللہ کے فضل سے خود چل کر مسجد میں باجماعت صلوٰۃ ادا کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔

کھرل کرنے میں بخیلی نہیں کرنی۔ اور بذریعہ کھرل ہی تمام پانی جذب کرنے سے اکسیری نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ ہم نے تو پہلی مرتبہ بہت محنت شاقہ سے ہاتھوں سے کھرل کر کے تیار کیا تھا۔ اب تو اَلحَمْدُ للہ کھرل مشین کی سہولت موجود ہے۔ ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ۔

مذکورہ بالا **روغن** میں ایک پاؤ کے مقابلہ میں ایک ایک تولہ درج ذیل ادویات شامل کر کے بیرونی مساج کیلئے دردوں کا تیل بنا لیا جاتا ہے۔ جو گنٹھیا اور دوسری دردوں کے مریضوں کو بیرونی طور پہ استعمال کروایا جاتا ہے۔

دَردوں اور گنٹھیا کیلئے مفید تیل

روغن مذکورہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔250گرام

ست پودینہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10گرام

ست اجوائن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 05گرام

روغن قرنفل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔05گرام

روغن دارچینی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 05گرام

مشک کافور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 08 گرام
موم دیسی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

کسی کھلے منہ والی شیشی میں ڈال کر تمام اشیا کو گرم پانی میں شیشی رکھ کر پگھلا کر ملالیں۔ بہترین بام تیار ہے۔

﴿ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ، بانی پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن﴾

جوڑوں کا درد

زندگی دردوں سے بھری ہوئی ہے آج کل، لہٰذا جوڑوں کے درد کے لیے خوراکی نسخہ حاضر خدمت ہے جو کئی سال سے مختلف لوگ اپنے نام سے شیئر کررہے ہیں یہ نسخہ میرا دس سال سے تجربہ میں ہے جوڑوں کا وہ مریض جسے عرصہ دراز سے چارپائی نے جکڑا ہوا ہے اُٹھ نہیں سکتا وہ الحمدُ للہ ایک ہفتہ کے استعمال سے اس قابل ہوجاتا ہے کے چلنے پھرنے کے قابل ہوجائے مزید مریض کی طبیعت اور کیفیت کو مدنظر رکھ کر ایک ماہ تک مسلسل استعمال کروایا جاسکتا ھے اگر پاخانے زیادہ لگ جائیں تو ایک دن کا وقفہ بھی کیا جاسکتا ہے اور مروڑ یا پیٹ درد کی صورت میں دیسی گھی ملے دودھ سے دیں بصورت دیگر سادہ نیم گرم پانی سے استعمال کروائیں اور مخلوق خدا کو راحت پہنچائیں اور دعائیں سمیٹیں، نسخہ بہت سادہ اور آسان ہے۔

اجزاء: بادام 100 گرام، منقیٰ 100 گرام، گودہ تمہ 100 گرام، پرانا گڑ حسب ضرورت یا 50 گرام۔

سب سے پہلے ہلکے نیم گرم پانی میں بادام ڈال کر چھلکا دور کریں اور تُمہ کے پاوڈر میں ایک ایک بادام اور منقیٰ ڈال کر کھرل کرتے جائیں یہاں تک کے تمام کھرل ہوجائیں اور آخر میں گڑ شامل کرلیں اگر قوام کچھ نرم رہے تو کالے چنے کا کچھ پاوڈر ڈال کر قوام گولی بنانے کے قابل کرلیں اور نخودی گولیاں بنالیں۔ دو گولی صبح اور دو گولی شام شروع ہفتہ میں خالی پیٹ اور بعد ہفتہ کے کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیں اور جائز ہدیہ یا فیس لیں یہ ایک فقیر کا تحفہ تھا میرے پاس جو بلا بخل شیئر کردیا ہے۔

﴿طالب علم طبیب دین محمد مشہدی فرام کراچی 03202441070﴾

(س) سر میں نے اِسے بنایا 21 مریضوں کو دیا، زیرو رزلٹ ملا، الٹا پیٹ کی تکالیف میں اضافہ ہوگیا۔ باقی شفاء مِن جانب اللہ : شوکت اللہ۔

(س) 21 کے 21 مریض صفراوی نہیں تھے، اور میں کوئی بچہ تو ہوں نہیں کہ مزاج جیسی اولین بات کو سمجھ ہی نہ سکوں۔ گروپ میں اطباء کرام اسکو بنائیں اور پھر رزلٹ بتائیں۔

(ج) ویسے میں نے اسے تینوں تحریک کے مریضوں پر کارآمد پایا ہے مگر مناسب بررقۃ و مزاج کو سمجھتے ہوئے لیکن سوداوی مریض کو آنکھ

بند کر کے دے سکتے ہیں اناڑی بندے نا ہی استعمال کریں تو مناسب ہے جزاک اللہ : نیچر و پیتھ طبیب علاج بالغذا ۔

* اساتذہ کرام رہنمائی فرمائیں کہ پہلے ہفتہ اسے خالی معدہ اور دوسرے ہفتے کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دینا مناسب ہوگا؟

کیونکہ عموما ایسے نسخہ جات غذا ہضم ہونے کے بعد رات سوتے وقت کھلاتے ہیں ۔

* اور آپ کے سوال کا جواب یہ ہے کے پہلے ہفتہ خالی پیٹ دینے کا مقصد تنقیہ ہے تاکہ فاسد مادوں کا اخراج ہو سکے بعد ہفتہ کے کھانے کے بعد اسی لیے رکھا ہے کے شروع میں صفائی ذرا اچھے طریقہ سے ہو سکے ۔

پیٹ کی تکلیف جیسے اطباء کرام کہہ رہے ہیں یہ اکثر شفائی علامات ہوتی ہیں ، اب یہ تو طبیب کا کام ہے کہ وہ فرق کر سکے ۔

﴿نیچر و پیتھ طبیب علاج بالغذا : +92 320 2441070﴾

یہ نسخہ ممی ڈیڈی مریضوں کو نہ ہی استعمال کروائیں تو زیادہ مناسب ہوگا ، یہ میرا ناقص مشورہ ہے ۔

کھجلی و خارش

آپ یہ نسخہ کو بنا کر کھجلی خارش والے تمام مریضوں کو دیں، دو سے تین دن میں آرام آ جائے گا، کبھی خطا نہیں ہو گا ان شاء اللہ۔

هُوَالشَّافی :

گندھک آملہ سار : آٹھ تولہ

گیرو سرخ : آٹھ تولہ

قلمی شورہ : آٹھ تولہ

موصلی سفید : آٹھ تولہ

پارہ : چھ گرام

پارا گندھک کی کجلی کر لیں گیرو سرخ ساتھ کھرل کریں شورہ کو آگ پر پگھلا کر اوپر ڈالتے جائیں آگ نرم رکھیں۔

آگ لگنے نہیں دینا بہت کم لگتی ہے جب دیکھیں آگ تیز ہو گئی ہے تھوڑا نیچے اتار لیں پھر رکھیں اور چمچ سے ہلاتے رہیں جب سب چیزیں پگھل کر یک جان ہو جائیں تو باریک پاوڈر بنا لیں ساتھ موصلی سفید کھرل کر

لیں 500 ملی گرام والا کیپسول بھر لیں صبح دوپہر شام ایک ہفتہ استعمال کروائیں۔

خارش کا تیل

هُوالشّافی:

کڑوا تیل ایک پاؤ، گندھک آملہ ثار ایک تولہ کھرل کر کے تیل میں ملا لیں اور ایک چھوٹی شیشی ڈیٹول بھی شامل کر کے ہلا کر یک جان کر لیں۔

کھانے والی دوا کے ساتھ دن کو ایک دفعہ کھجلی سے متاثرہ حصوں پر مالش کریں ایک گھنٹہ بعد پانی سے غسل کر لیں تین دن تک لگائیں دوائی ایک ہفتہ استعمال کریں۔

خارش، کھجلی، احتراقِ خون، خون میں جوش، خون کی الرجی، جلدی الرجی، خون میں شدید گرمی، جگر اور لیور کا ٹیمپریچر اعتدال پر آ جائے گا، جسم پر آبلے بھی پڑے ہوں گے تو دو دن میں خشک ہو جائیں گے۔

پچھلے ایک ہفتہ سے تین چار سو کھجلی کے مریضوں کو استعمال کروائی گئی ہے اَلْحَمْدُلِلّٰہ سب ٹھیک ہیں۔

دوستوں کے لیے تحفہ و گفٹ ہے مطب خانوں کی شان ہے۔

﴾چوہدری غلام حسین وڑائچ بھلوال ضلع سرگودھا 03448780024﴿

جوڑوں ،پٹھوں اور گنٹھیا کا درد

ھوالشافی:

مغزبادام۔۔۔۔ 50 گرام
اذراقی مدبر۔۔۔۔ 50 گرام
فلفل سیاہ۔۔۔۔ 25 گرام
فلفل دراز۔۔۔۔ 25 گرام
قرنفل۔۔۔۔۔۔ 25 گرام
منقہ۔۔۔۔۔۔۔ 100 گرام

ترکیب : تمام اجزاء کا سفوف بنا کر منقہ بغیر بیج کے ڈالکر اچھی طرح کوٹ لیں جتنا زیادہ کوٹیں گے اتنا اچھا رزلٹ ملے گا۔ اب آپ تیار شدہ مواد سے نخودی گولیاں تیار کرلیں۔

مقدار خوراک : ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

نوٹ :۔ گرمیوں میں ایک گولی روزانہ دے سکتے ہیں۔

فوائد :۔ جوڑوں کا درد۔ پٹھوں کا درد۔ اعصابی کھچاؤ۔ گنٹھیا کا درد۔ کیلئے مفید و موثر ہے۔

دوائے درد

جو دوست بھی بنائیں گے ان شاء اللہ لاجواب ہی پائیں گے۔

هوالشافی:

1۔ سنڈھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 1 پاؤ

2۔ تخم حرمل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 1 پاؤ

3۔ اسگندھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 1 پاؤ

4۔ بھکھڑا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 1 پاؤ

5۔ کالی مرچ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 1 پاؤ

6۔ تخم ستیاناسی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 1 پاؤ

7۔ تمے کے پودے کا تازہ پانی ۔۔ 2/1 لٹر

8۔ آب ڈنڈا تھور تازہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ 1 پاؤ

9۔ آب آکسن تازہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ڈیڑھ لٹر

10۔ گودہ کنوار گندل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 3 لٹر

11۔ کیسٹر آئل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تین پاؤ

12۔ گوگل مصفٰی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ڈیڑھ کلو

13۔ کشتہ شنگرف تھوم والا ۔۔۔۔ 30 گرام

14۔ کشتہ گئو دنتی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 250 گرام

15۔ کچلہ مدبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک کلو سات سو گرام

ترکیب تیاری :

پہلی چھ ادویہ کا نہایت باریک سفوف تیار کرلیں اوراس میں تمہ، آکسن اور ڈنڈا تھور کا پانی مقطر ڈال کر دھوپ میں خشک کرلیں۔ خشک ہونے پر اس میں کشتہ جات بھی اچھی طرح مکس کر دیں۔

اب کسی کڑاہی میں کیسٹر آئل ڈال کر آگ پر رکھیں۔ اوراس میں گودہ کنوار گندل بلینڈ کیا ہوا ڈال کر پکائیں جب کھولنے لگے تو اس میں گوگل مصفٰی ڈال دیں۔ اوراس میں چمچ چلاتے رہیں۔ جب گوگل اچھی طرح حل ہو جائے اور گاڑھا قوام سا بن جائے تو باقی تمام سفوف ڈال کر چمچ سے خوب اچھی طرح مکس کریں اور مسلسل چمچ اس میں چلاتے رہیں تاکہ سفوف جل نہ جائے۔ جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو کیسٹر ائیل لگا کر حب بقدر نخود تیار کرلیں۔

مقدار خوراک :

ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ پانی یا بدرقہ مناسبہ دیں۔

خواص و فوائد :

جوڑوں کے درد، اعصابی کمزوری، خون کی کمی، کمر درد، کثرت بول، بلڈپریشر لو، گیس و قبض، عِرق النساء کے لیے آپ اس کو ان شاء اللہ، بفضل خدا ایسا لاجواب پائیں گے کہ بڑے بڑے نسخوں کو بھول جائیں

گے۔ جو دوست بھی بنائے گا دعاؤں میں یاد رکھے گا۔ میری دعا ہے کہ نبی کریم کے صدقہ میں ہماری ان حقیر ادویات کو اپنی دکھیاری مخلوق کے لیے ذریعہ شفا بنائے اور اللہ تعالیٰ تمام دوستوں کو دست شفاء عطا فرمائے۔ آمین

درج بالا نسخہ میں **کچلہ مدبّر** کی میری ترکیب درج ذیل ہے۔

هُوالشّافی

ایک کلو کچلہ لے کر صاف ستھرا کرکے مشین سے باریک پسوا لیں۔ کسی روغنی ہانڈی میں اس پر تین کلو گودا گھیکوار ڈال دیں۔ دوسرے تیسرے دن ایک دفعہ ہلا دیا کریں۔ آٹھ دس دن میں یہ کافی حد تک نرم ہو جائے گا اور پانی بھی کافی خشک ہو جائے گا۔ اب اس میں ایک لٹر آب ادرک اور ایک لٹر آب تھوم ڈال دیں۔ جب یہ پانی خشک ہو جائیں تو برتن میں رکھ کر دھوپ میں خشک کرلیں۔ بس تیار ہے۔

﴿حکیم رانا محمد اعظم آف گوجرانوالہ 03332885752﴾

معدہ کے السر کے لیئے

سونف۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

ہلدی۔۔۔۔۔۔۔ 30 گرام

رسونت۔۔۔۔۔ 10 گرام

ملٹھی۔۔۔۔۔۔۔ 20 گرام

گوند کیکر۔۔۔۔۔ 15 گرام

گندھک آملہ سار۔ 30 گرام

انزروت۔۔۔۔۔ 50 گرام

مغز نیم۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

الائچی خورد۔۔۔۔ 10 گرام

ترکیب تیاری : تمام اجزاء کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک گرام صبح شام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد تازہ پانی کے ساتھ 15 دن تک استعمال کریں۔

معدہ کے ہر قسم کے السر، آنتوں کے زخم اور جگر کے زخموں کا مکمل علاج ہے۔ پیٹ میں کہیں بھی پرانا درد ہو صرف دو خوراک سے ہی ختم ہو جاتا ہے۔ معمول مطب ہے۔

﴿حکیم سید محمد عمران شاہ بخاری: +923069427818﴾

دردِ معدہ کیلئے

یہ نسخہ بھی تقریباً اُسی طرح کا ہے جو اوپر درج ہو چکا ہے مگر اوزان قدرے مختلف ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

هُوَالشَّافِی:

ا۔ ملٹھی	40 گرام
۲۔ رسونت	20 گرام
۳۔ ہلدی	20 گرام
۴۔ گوند کیکر	30 گرام
۵۔ سونف	100 گرام
٦۔ گندھک آملہ سار	40 گرام
۷۔ انزروت	100 گرام
۸۔ مغز نیم	80 گرام
۹۔ الائچی خورد	20 گرام

ان سب چیزوں کا سفوف بنا لیں اور 100 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں، کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد پانی سے استعمال کریں۔

* حکیم ڈاکٹر جلال خان افغانستان۔

*تصدیق حکیم حافظ محمد شرافت صاحب۔

✍ ماشاءاللہ نسخہ بہت ہی مجرب ہے میں نے سب سے پہلے خود استعمال کیا بعد ازاں تقریبا 50 مریضوں کو استعمال کروایا، پہلی خوراک سے ہی معدہ کا درد ختم ہو جاتا ہے اور معدہ کے درد کی وجہ سے جو پٹھوں

اور کمر میں کھچاؤ یا درد ہوتا ہے ختم ہو جاتا ہے سب بھائی بلا جھجک اپنے مطب کی زینت بنائیں بہت ہی مجرب نسخہ ہے۔

﴾حافظ حکیم محمد شرافت لاہور03224824083﴿

دیسی فلیجل

درد فم معدہ، سوزش معدہ، انتڑیوں کی سوزش و جلن۔

سنیاسی راز اور انتہائی قابل قدر نسخہ ہے، جو بھی تیار کریگا اِن شاءاللہ ساری عمر تعریف کریگا۔

رسونت۔۔۔۔۔۔ ایک پاؤ
گندم۔۔۔۔۔۔۔۔50 گرام
مولی کا پانی۔۔۔۔۔ 3 کلو

مٹی کے کسی کورے برتن میں مولی کا پانی رسونت اور آدھ بھنے گندم کے دانے جوکوب کر کے ڈالیں اور چھت پر رکھ دیں منہ پر کپڑا باندھ دیں، پندرہ سے بیس دن میں خشک ہو جائیگا۔ پیس کر محفوظ کر لیں۔

خوراک: صرف ایک چٹکی۔ ایک رتی انتہائی خوراک ہے اس سے زیادہ نہ کریں۔ درد معدہ کیلئے جادو اثر دوا ہے فورا گیس کا اخراج کرتی ہے۔ اور ایک انتہائی قابل قدر دوا ہے اپنی سمجھ کے

مطابق استعمال کروائیں۔ فلے جل کے مقابلہ کی دواء ہے اور ماشاء اللہ طب کے کیلیئے ایک نادر تحفہ ہے۔

* ان شاللہ فلیجل سے کئی گنا زیادہ سود مند ثابت ہو گی۔ احتیاط صرف یہ کہ مقدار خوراک کم سے کم رکھیں زیادہ کہ صورت میں پیٹ میں اکڑن پیدا ہو گی۔ صرف 2 تا 4 چاول تک۔

﴿حکیم سید محمد عمران شاہ بخاری، 923069427818+﴾

داڑھ درد، ٹائیفائید اور ملیریا کیلیئے

هُوالشَّافی: ہڑتال ورقیہ 1 تولہ، مرچ سیاہ 3 تولہ، سنڈھ 3 تولہ، نوشادر ٹھیکری 4 تولہ۔

چاروں اجزاء کو انتہائی باریک فائن پاؤڈر کر لیں اور مکس کر کے پھر کم از کم ایک دن کھرل کر لیں۔ اکسیر تیار ہے۔

داڑھ درد پیپ ریشہ کا کامیاب ترین علاج ہے۔ کان سے پیپ آنا درد ہونا، خواہ ڈاکٹر یہ کہیں کہ دماغ سے ریشہ آرہا ہے اس کا کوئی علاج نہیں۔ اس کا بھی مکمل علاج ہے۔ ٹائیفائید اور ٹی بی میں بھی شاندار ریزلٹ ملے ہیں۔

(اکسیر 5 نمبر سے ملتا جلتا نسخہ ہے، میرا خیال ہے اکسیر 5 میں نوشادر شامل نہیں ہے یا اوزان کا کچھ فرق ضرور ہوگا۔۔ یہ نسخہ اسی ترتیب سے ہی تیار کریں، اکسیر 4 غدی اعصابی اکسیر)

خوراک : 2 رتی صبح شام بعد از غذا ہمراہ دودھ پتی۔

داڑھ درد یا کان میں اگر پیپ کیساتھ درد بھی ہو تو اس میں ایک رتی اسپرین پاؤڈر مکس کر کے دیں۔ٹائیفائیڈ ملیریا وغیرہ میں گاؤدنتی برابر وزن مکس کر کے دیں۔ نہائت شاندار اور آسان نسخہ ہے۔ اور میرے گاؤں میں داڑھ والی پڑی کے نام سے مشہور ہے۔

﴿حکیم سید محمد عمران شاہ بخاری﴾

* محترم بخاری صاحب کیا ہڑتال کی چمک بذریعہ کھرل ختم کرنا ضروری ہے یا نہیں، ہاتھ سے کھرل کرنے سے توچمک ایک دن میں ختم نہیں ہوتی۔ البتہ ایک اچھا مشینی کھرل (پورسلین والے) سے کھرل کرنا آسان ہوگا۔ چائنی کھرل توگھستا ہے۔ اور دوا کا وزن بڑھ جاتا ہے۔ جبکہ لندن والا پورسلین کا کھرل نہیں گھستا۔ ﴿طبیب رانا عبدالستار ملتان﴾

* سرجاہے ہاتھ سے کھرل کریں یا مشین سے چمک ختم کریں اور مثل غبار کرلیں۔

* پہلے ایک دن صرف ہڑتال ورقیہ کھرل کریں اور پھر تمام اجزاء مکس کر کے ایک دن مزید کھرل کرلیں دوائی تیار ہے۔

* ہڑتال ورقیہ ہربل میں ایک بہترین اینٹی بائیوٹک ہے۔ جہاں اور کسی بھی قسم کی بیکٹیریل انفیکشن ہو اور انٹی بائیوٹک کی ضرورت محسوس کریں ہڑتال ورقیہ استعمال کر سکتے ہیں۔

* میرے نزدیک مثل غبار کا مطلب 200۔ میش کی چھاننی سے نکالا جائے۔ اور بے چمک بھی ہو۔

سر درد کی دوا

جو سر درد کسی دوا سے بھی ٹھیک نہ ہو اُسکے لیے میرا بارہا کا مجرب نسخہ ہے۔

هُوالشَّافی: گندھک ایک تولہ، نوشادر ایک تولہ۔

دونوں چیزوں کو باریک پیس کر کسی کپ میں ڈال کر اوپر اچھی طرح میٹھا سوڈا ڈال دیں، اب اس کپ کو ہلکی آگ پر دو گھنٹے کے لیے رکھ دیں خیال رہے دُھواں باہر نہ نکلے اوپر سے میٹھا سوڈا ڈال کر دھواں بند کر دیں دو سے تین گھنٹے بعد ٹھنڈا کر کے اوپر سے سوڈا اتار دیں، گندھک اور نوشادر چکر خوردہ نکال کر باریک پیس لیں اور اس کو 50 گرام پانی میں حل کر کے شیشی میں محفوظ کر لیں بس دوا تیار ہے۔ خوراکی تین قطرے اور ناک میں سنگھاتے ہی اسی وقت درد ختم، تجربہ شرط ہے۔

﴾دُعا گو طبیب دین محمد مشہدی، 2441070 320 92+﴿

اپنڈکس کا درد

* آدھی چمچ کالی مرچ پانی کے ساتھ دیں۔
فوری رزلٹ ہے (شوکت اللہ 03459826219)
* برابر نمک بھی لے لیں۔ (الوحید بیت الحکمت)

کمر اور ٹانگوں کے درد کے لیئے

کمر اور ٹانگوں کے درد کے لیے ایک آسان اور معمول مطب مجرب نسخہ ہے نیز اِس نسخہ کو صرف حکماء حضرات ہی بنائیں۔

(1) کالی مرچ۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک تولہ
(2) مگھاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک تولہ
(3) لونگ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک تولہ
(4) میٹھا تیلیا ۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک تولہ
(5) سونٹھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک تولہ
(6) ازراقی مدبر در سونٹھ۔۔۔ ایک تولہ
(7) آب گھیگوار۔۔۔۔۔۔ 10 تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویات آبِ گھیکوار میں کھرل کر کے حب بقدر مونگ بنا لیں۔

خوراک : صبح شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ ، بہت شاندار رزلٹ ہے

﴿حکیم فاروق، عمر فاروق۔ 03217761420﴾

کمر درد

ھُوالشافی:

اسگندھ ناگوری۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

سنڈھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

ستاور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

قسط شیریں۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

میٹھا سوڈا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

موصلی سفید۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

پپلامول۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

سورنجاں شریں۔۔۔۔۔ 100 گرام

ہلدی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

مصری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 250 گرام

ترکیب تیاری : تمام اجزاء کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک درمیانہ چمچ صبح شام۔

(رات کو سوتے وقت دیسی گھی کے گڑ والے حلوے کے ساتھ استعمال کروائیں : ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ)۔

فوائد : کمر درد کیلیئے مجرب ہے۔

حکیم میاں محمد صدیق و حکیم میاں محمد صادق۔

﴿فہیم یونانی دواخانہ، ڈریم ٹاؤن کنگن پور، تحصیل چونیاں قصور03004896615﴾

*مندرجہ بالا نسخہ کی کمر درد بارے تصدیق کرتا ہوں۔ لیکن میں اس نسخہ میں نہ تو مصری ڈالتا ہوں۔ اور نہ میٹھا سوڈا بلکہ سک سمبلو سیاہ سو گرام کی ترمیم سے تیار کرتا ہوں۔ ہر وقت کلینک پہ ان شاء اللہ موجود ہوتا ہے۔

*میں تو فقط ایک خوراک بوقت خواب ہمراہ گڑ اور دیسی گھی کے حلوہ سے بقدر ایک چمچ استعمال کرواتا ہوں۔

*اور یہ اس کمر درد پہ زیادہ مؤثر پایا جو اکثر کثرت جماع سے واقع ہوتی ہے۔ اور ان شاء اللہ مرد و زن دونوں پہ مؤثر ہے۔

﴿ڈاکٹر تنویر اقبال، 03004264004﴾

سفوف سمبلو مرکب

سک سمبلو سیاہ۔۔۔۔۔ ۱۰۰ گرام

سورنجاں شیریں۔۔۔۔۔۔۱۰۰ گرم

زنجبیل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۵۰ گرام

ستاور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۵۰ گرام

قسط البحری ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۵۰ گرام

بیخ اسگند پاکستانی۔۔۔۔۔۔۔۵۰ گرام

موصلی سفید ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۵۰ گرام

پپلامول۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۵۰ گرام

ہلدی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۵۰ گرام

تمام ادویات کا پاؤڈر بنالیں۔

ایک چمچ درمیانہ ہمراہ حلوہ گڑ و دیسی گھی والا، بعد میں پانی وغیرہ پینا منع ہے۔

جماع اور بادی و ترش اشیا سے پرہیز ضروری ہے۔

نصاب کورس صرف پندرہ روز۔

کمر درد مرد و زن بوجہ کثرت جماع نہایت مفید و مؤثر ہے۔ علاوہ ازیں جسمانی دردوں۔ تھکاوٹ وغیرہ میں بھی فوری اثر رکھتا ہے۔

ہر وقت تیار و دستیاب ہے اور معمول مطب ہے۔ ان شاء اللہ

﴿ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ، پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن :03004264004﴾

شافی جوشاندہ برائے گردہ

گلسرخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 10 گرام

زیرہ سفید۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 30 گرام

بھکھڑا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 25 گرام

چھلی کے بال۔۔۔۔۔۔۔۔ 10 گرام

نمک جبھڑ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 10 گرام

دال کلتھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 10 گرام

تخم خربوزہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 20 گرام

سب چیزوں کو باریک پیس کر فائن پاوڈر کر لیں

ایک چمچ سفوف کا جوشاندہ بنا کر صبح و شام استعمال کروائیں۔ تجربہ کرنے پر اکثر امراض گردہ پر بہترین پایا گیا ہے، کریٹنین اور یوریا کو کم کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔

﴿حکیم ذیشان از وہاڑی 03000371405﴾

تصدیقات: حکیم امانت علی تبسم فرام میاں چنوں، حکیم ناصر جمال دکن، حکیم فتح شیر وہاڑی، سنیاسی عبدالوہاب وہاڑی، حکیم منور حسین خان فرام میلسی۔

دردہمہ اقسام

کچلہ مُدبر دَر آبِ نیم 1 گرام، منقہ مویز 5 گرام۔

اس کی 100 گولیاں بنالیں۔

24 گھنٹے میں ایک گولی ہمراہ پانی یا دودھ دیں

ہر قسم کے دردوں کے لیے لاجواب ہے۔

﴿حکیم عمر فاروق : 7761420 321 92+﴾

خارش خشک وتر

دھماسہ سفوف 100 گرام، ریوند چینی 30 گرام، کالی مرچ 10 گرام، الگ سفوف کرکے اچھی طرح ملالیں کپڑچھان کر کے فُل سائز کیپسول صبح شام شربت عناب یا سادہ پانی سے استعمال کرائیں، اچھا رزلٹ ہے دس دن میں انشاء اللہ خارش ختم ہوجائے گی۔

﴿حکیم وزیر حسین اٹک 03126011312﴾

پین گو (Pain go)

ایک بہت ہی اعلیٰ اور معمول مطب بلکہ بہت سے قدیم و جدید حکما کی تصدیقات کی حامل دوا شیئر کر رہا ہوں۔ کام نہ کرے اور آپ کے مطب کی شان نہ بڑھائے تو آپ دوستوں کی بنائی گئی ساری دوا کے پیسے یہ بندہ ناچیز ادا کرنے کا وعدہ کرتا ہے۔

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ، بانی پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن۔

ھوالشافی:

١۔ پوست بیخ مدار خشک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ١٠٠ گرام
٢۔ قلمی شورہ زمینی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ١٠٠ گرام
٣۔ کشتہ شاخ گوزن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ١٠٠ گرام
٤۔ ایسپرین پاؤڈر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ١٠٠ گرام
٥۔ سوڈا سلی سلاس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ١٠٠ گرام
٦۔ سورنجان شیریں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ٢٥ گرام
٧۔ افیون خالص ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ٢٥ گرام
٨۔ اذراقی مدبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ٢٥ گرام
٩۔ بچھناک مدبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ١٢ گرام
١٠۔ شکر سفید۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ١٢٥ گرام

سب ادویات کا علیحٰدہ علیحٰدہ انتہائی باریک سفوف بنا کر پورے اوزان سے ملا کر خوب کھرل کریں۔

۵۰۰ ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

ایک عدد صبح اور ایک عدد شام ہمراہ دودھ نیم گرم شیریں سے استعمال کریں۔ بعض شدید حالات میں تین خوراکیں بھی دے سکتے ہیں۔

وجع المفاصل، عرق النسا، نقرس، ذات الجنب، نمونیا، ذات الصدر، ذات العرض، سینہ کا درد، کمر کا درد، ہر قسم کے عصبی درد، نزلہ و زکام وغیرہ میں پہلی خوراک ہی اپنا مسیحائی اثر دکھاتی ہے۔ نہایت سریع الاثر و مفید دواء اور ایک قابل قدر تحفہ ہے۔

نوٹ: رات سوتے وقت کوئی ہلکی پھلکی مسہل قسم کی ایک خوراک دے لیا کریں۔ ضعف قلب اور زیادہ نحیف مریضوں، حاملہ اور دودھ پلانے والی عورتوں اور چھوٹے بچوں کو استعمال نہ کروائیں۔

اس نسخہ پہ اعتراض کرنے والے اسے نہ بنائیں۔ اور پسند کرنے والے بنانے سے قبل اس فقیر سے مشورہ ضرور کر لیں۔ تاکہ نسخہ میں شامل کچھ اجزا کو مدبر کرنے کی خاص ترکیب سمجھ لیں۔ جس سے اس نسخہ کو چار چاند لگ جاتے ہیں۔ اور پھر ان شاء اللہ دردوں کے لئے مزید کسی بھی دوا کے تیار کرنے کی حاجت نہیں رہے گی۔

آدھے سر کا درد، مائگرین

ایک دو ہلکے پھلکے جلاب دینے کے بعد Pain go ہی استعمال کروائیں۔ اور صبح نہار منہ ایک چمچ اطریفل اسطوخودوس اور رات سوتے وقت اطریفل زمانی ایک بڑا چمچ پانی سے استعمال کرواتے رہیں۔

صرف اسطوخودوس دس گرام، دھنیا خشک پانچ گرام اور کالی مرچ سات عدد جو کوب کر کے ایک کپ پانی میں بھگو دیں۔ اور صبح اسی پانی میں رگڑ کر پن چھان کر قبل طلوع آفتاب پلانا بھی آدھے سر کی درد کا بہترین علاج ہے۔

﴿ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ، پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن﴾

دمے کا ارزاں نسخہ

چلیں آج ایک صدری تحفہ سب دوستوں کے نام، دمے کا مجرب نسخہ، جو تقریباً مفت میں ہی تیار ہونے والا ہے مگر رزلٹ ہزاروں والی دواؤں سے بھی زیادہ اچھا ہے۔

نسخہ کچھ یوں ہے کے تمہ تازہ حسب ضرورت لے کر کسی روغنی ہنڈیا میں یا شیشے کے جار میں برابر وزن پرانا گڑ جو بھینسوں کو کھلاتے ہیں لے کر اچھی طرح مضبوطی سے بند کر کے کسی گوبر کی روڑی میں 40 دن

کے لیے دفن کر دیں بعد میں نکال کر پن چھان کر رکھ لیں آدھی چمچ سوتے وقت مریض کو گرم پانی سے پلادیں دو سے تین دن میں پھیپھڑے بلغم سے پاک کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے مجرب المجرب ہے سب دوست لازمی بنا کر رکھیں اور غریب لوگوں کی دعائیں لیں۔

﴿حکیم ابو احمد علی زئی: 00966596484586﴾

﴿حکیم عبداللہ 03070070246﴾

دردِ سینہ

دردِ سینہ کے لیے فوری اثر ہے۔

هُوالشّافی:

اجوائن دیسی حسب ضرورت لیکر ہلکا بریاں کریں اور خوب سفوف بنائیں پھر زردی بیضہ مرغ اتنی ملائیں کہ مرہم کی طرح بن جائے اب سینہ میں جہاں درد ہو وہاں لیپ کریں اور اوپر کپڑے سے ڈھانپ دیں اور کمبل وغیرہ اوڑھ لیں ان شاء اللہ پہلی ہی بار سے شفاء ہو جاتی ہے حد تین بار کافی ہوتا ہے درد سینہ جس بھی وجہ سے ہو خصوصا سردی کی وجہ سے یا ریح کی زیادتی کی وجہ کے لیے فوری موثر گھریلو آسان علاج ہے

﴿حکیم آصف رضا تلہ گنگ 03015234352﴾

درد سر کے لیے

درد سر کے لیے بہت آزمودہ عجائب طب

ھُوالشَّافی:

سونٹھ ایک تولہ کپڑچھان شدہ ، گیرو تین تولہ کپڑچھان شدہ ۔

دونوں کو خوب مکس کرلیں تیار ہے ۔

بوقت ضرورت دو دو سلائی دونوں آنکھوں میں بطور سرمہ لگائیں سرمہ لگاتے ہی آنکھوں سے پانی بہنا شروع ہوجائے گا اور درد سر فوری ختم ہوجائے گا ان شاء اللہ یہ سرمہ میرے محلّے میں بہت مشہور ہے لوگ آتے ہی وہاں ہی سرمہ ڈالتے ہیں اور دعائیں دیتے واپس جاتے ہیں مجرب مجرب ہے جسکا دل چاہے آزمائے اور شکر خداوند کریم بجالائے

﴿حکیم آصف رضا تلہ گنگ 03015234352﴾

دَردوں کے لیئے

سُنڈھ ۔ آسگندھ ۔ سورنجاں شیریں ۔ مرچ سیاہ ۔ کٹھ شیریں ۔ ہر ایک 50 گرام ۔ اجوائن خراسانی 25 گرام ۔ سفوف بنالیں ۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ صبح ۔ دوپہر ۔ شام ۔

فوائد : وجع المفاصل عرق النساء اور کمر درد میں نہایت مفید ہے

اگر کمر کے مہروں میں گیپ آ جائے تو اس دوا کے ساتھ یہ والی گولی صبح شام دیں۔

کھربا 1 تولہ۔ رال 2 تولہ۔ گوند کیکر 1 تولہ۔ باریک پیس کر نخودی گولی بنالیں۔

﴿حکیم شاہد جاوید حویلیاں ایبٹ آباد : 03335457382﴾

ہائی بلڈ پریشر

الائچی خورد 6 تا 8 عدد کا قہوہ ہائی بلڈ پریشر کو کنٹرول کرنے میں مددگار ثابت ہوا ہے۔ چند ہی منٹوں میں 15، 20 پوائنٹ نیچے آ جاتا ہے۔ میں نے کئی بار اپنے گھر کے مریض کو استعمال کرا کے دیکھا ہے۔

خود اپنے اوپر بھی ہائی بلڈ پریشر میں الائچی خورد کا چبانا اور چوستے رہنا مفید پایا ہے۔ 2 سے 3 عدد صبح دوپہر شام۔ اگر قہوہ کی سہولت موجود نہ ہو۔

دھنیاں خشک ایک چمچ چائے والا کنارے برابر کر کے۔ اور الائچی خورد 2 عدد کا چبانا اور چوسنا (صبح دوپہر شام) بھی کامیاب پایا ہے۔ یہ نسخہ تیزابیت معدہ و امعاء میں کھانے سے ایک آدھ گھنٹہ پہلے۔ یپرازول

ٹائپ کا بہترین اور بیضرر نعم البدل ہے۔ جبکہ ہیپر ازول فیملی کی ادویات کے تادیر استعمال کے کافی برے سائیڈ ایفیکٹ سامنے آتے ہیں۔

﴿حکیم رانا عبدالستار 03216323623﴾

جزاک اللہ رانا صاحب، دانہ الائچی خورد اور دھنیا خشک بلند فشار خون کے لئے میرا بھی آزمودہ ہے۔

﴿حکیم محمد عثمان 03150543665﴾

چھینکیں، نزلہ، زکام، کھانسی، بخار

نسخہ نمبر 1۔ جوشاندہ:

ھوالشافی: انجیر 3 عدد، برگ بانسہ 3 گرام، عناب 5 عدد، زوفا 3 گرام، خطمی 3 گرام، ملٹھی 3 گرام، گل بنفشہ 3 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام چیزیں رات کو ایک کلو پانی میں بھگو دیں، صبح جوش دیکر شکر ملا کر صبح شام پلائیں۔

پرہیز: سرد، ترش اور چکنی غذا سے پرہیز ضروری ہے۔

نسخہ نمبر 2۔

ھوالشافی: گل نفشہ، گل غافث، گل اسطخودوس، پپلا مول، بادیان خطائی۔

ترکیب : ہر ایک 100 گرام برابر وزن لیکر سفوف بنالیں۔

خوراک : 1000 ملی گرام گرم پانی یا چائے سے صبح، دوپہر، شام۔

ان شاء اللہ سوفی صدر زلٹ ہے۔

﴿حکیم محمد حسین 03336516229﴾

دیسی پیناڈول

هُوَالشَّافی:

سنگھاڑہ 250 گرام، تخم حرمل 25 گرام۔

500 سے 1000 ملی گرام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

صاحبِ نسخہ : حکیم عزیزالحسن خان صاحب : 03126011312

تصدیق : محمد عرفان جٹ وہاڑی : 0070246 307 92+

درد گردہ کا فوری اثر روحانی علاج

هُوَالشَّافی:

جب کسی مریض کو درد گردہ ہو چاہے وجہ کوئی بھی ہو سورة حشر کی آخری آیات

لو انزلنا ھذا القرآن سے لیکر عزیز الحکیم تک ایکس بار پڑھ کر دم کریں یہ ایک دفعہ ہُوا، اسی طرح تین بار کریں یعنی کل تریسٹھ بار پڑھ کر دم کرنا ہے اوّل و آخر درود شریف گیارہ بار یعنی 21+21+21 بار پڑھنا ہے ایک ہی ٹائم ایسا صبح و شام کریں درد گردہ پہلی ہی بار دم سے فوراً رک جاتا ہے میرا بہت مریضوں پہ مجرب المجرب قرآنی نسخہ ہے۔ سب دوست اس روحانی علاج سے فائدہ حاصل کریں اور مخلوق خدا سے دعائیں لیں

﴿حکیم آصف رضا تلہ گنگ 03015234352﴾

مرہم مشھدی

مشھدی مرہم کا نسخہ حاضر خدمت ہے۔

اجزاء و طریقہ تیاری :

برگ نیم 20 گرام، برگ مدار 20 گرام، رال 50 گرام، کمیلہ 50 گرام، سندھور 50 گرام، کتھ 50 گرام، مردہ سنگ 50 گرام، روح توتیا 10 گرام، موم 200 گرام، گھی گائے 500 گرام سب چیزوں کو الگ الگ فائن پاوڈر کرلیں اسکے بعد دیسی گھی کو ہلکی آگ پر گرم کریں اور برگ مدار اور برگ نیم پاوّڈر تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں جب سیاہ ھوجائیں تو باقی چیزیں ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں اور نیم کی لکڑی سے اچھی طرح

ہلاتے جائیں پھر آخر میں موم سے پہلے روح توتیا شامل کر کے موم تھوڑا تھوڑا شامل کرتے جائیں پانچ منٹ بعد آگ بند کر کے ٹھنڈا ھونے پر کسی چاقو کی مدد سے نکال کر محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال: سب سے پہلے مریض کے زخم کو اچھی طرح ڈیٹول سے صاف کریں پھر بیری اور نیم کے پتوں کے پانی سے دھو کر خشک کریں جب زخم پر سے نمی کے اثرات ختم ہوں تب اس مرھم میں سے حسب ضرورت لے کر مزید دیس گھی میں ڈال کر پتلا قوام تیار کر کے ہلکا نیم گرم مرھم کبوتر کے پر کی مدد سے زخم پر لگا دیں اب جب تک زخم ٹھیک نہ ہو اسے نہ صاف کرنا ہے نہ مرھم کو اتارنا ہے بلکہ روزانہ پر کی مدد سے ہلکا سا لیپ کرتے رہیں خود بخود زخم بھرنے پر مرھم کھرنڈ بن کر اتر جائے گا ان شاء اللہ اس نسخہ کو تمام لوگ آگے صدقہ جاریہ کے طور پر بھی کسی کو دے سکتے ہیں۔ ﴿طبیب دین محمد مشھدی﴾

✍ بٹ صاحب گواہ ہیں کہ مرھم کے نسخہ کا کینگرین اور شوگر کے زخمیوں پر کیسا شاندار رزلٹ ہے، مگر اب تک کسی نے بھی بنانے کی زحمت گوارا نہیں کی۔ ☺

✍ مشھدی بھائی یقینا یہ نسخہ مطب کی زینت ہے۔ اور میں تو شروع میں باقاعدہ شوگر کے مریض کے زخم کی پکچرز بھی شیئر کی تھیں۔ جس کی ایک انگلی ڈاکٹر کاٹ چکے تھے اور اب پاؤں کٹوانے کا

مشورہ دے رہے تھے۔ اللہ کریم نے اس مرہم کی بدولت اس کا پاؤں کٹنے سے بچالیا۔ یقیناً یہ ایک بہترین مرہم ہے۔

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ۔

سفوفِ ابیض المعروف روح طوطیا

یہ نسخہ و طریقہ حکیم محمد اسمٰعیل امرتسری مرحوم کی کتاب طوطیا سے ماخوذ ہے۔ جسے اکثر دوستوں نے اپنے نام سے معمولی کمی بیشی سے شائع کر رکھا ہے۔ ہم نے عین اسی طریقہ سے تیار کیا جو حکیم صاحب نے "طوطیا" میں لکھا ہے۔ جو کچھ یوں ہے۔

طوطیا ایک پاؤ باریک کر کے دو سیر پانی میں شیشے کے مرتبان میں حل کریں۔ اور اس میں پترہ جست ایک پاؤ ڈال کر رکھیں۔ جوش پیدا ہو کر فرد ہو گا۔ دو تین روز کے بعد پانی کا رنگ سفید (پانی جیسا) ہو گا۔ آہستہ سے نتھار کر روغنی ہنڈیہ میں ڈال کر (بذریعہ ریت جنتر) خشک کریں۔ سفید نمک تیار ہو گا۔

اسی طریق سے ہم نے بنایا تو الحمدللہ تقریبا ستر گرام نمک حاصل ہوا۔

فوائد :۔

۱ ۔ سیلان الرحم کا تریاق ہے ۔ تین روز میں آرام ۔ ۱۵۰ ملی گرام مکھن سے کھلائیں ۔

۲ ۔ کثرت طمث میں ۱۵۰ ملی گرام مکھن سے کھلا کر زیرہ، ملٹھی کا خسیاندہ پئیں ۔

۳ ۔ بطور مصفی خون ۷۰ ملی گرام ہمراہ عرق منڈی ایک کپ استعمال کریں ۔ بچوں کو نصف خوراک دیں ۔

٤ ۔ بواسیر میں ۱۰۰ ملی گرام تک مکھن میں رکھ کر کھلائیں اور تین گرام دوا کو دس گرام مکھن میں ملا کر مسوں پہ لگائیں ۔ دو ہفتہ میں آرام آ جائے گا ۔

۵ ۔ اسہال میں ۵۰ ملی گرام پانی یا شربت انجبار میں حل کر کے پلائیں ۔ بچوں کو بقدر دانہ خشخاش استعمال کروائیں ۔

٦ ۔ دانتوں مسوڑھوں کے تمام امراض میں کسی بھی منجن میں محض ۵۰ ملی گرام ملا کر بطور منجن استعمال کریں ۔ تریاق ہے ۔

۷ ۔ ابتدائی آتشک و سوزاک میں مختلف بدرقہ جات سے ۱۵۰ ملی گرام استعمال کروائیں ۔

۸ ۔ منہ کے چھالوں میں تریاقی اثرات کا حامل ہے ۔ پانی میں ۱۰۰ ملی گرام حل کر کے کلیاں کریں ۔

۹ ۔ آنکھوں کے امراض میں دس گرام سرمہ میں ایک گرام کھرل کر کے سوتے وقت لگایا کریں ۔

۱۰ ۔ مندرجہ بالا نسبت سے عرق گلاب میں لوشن بھی تیار کر سکتے ہیں ۔

۱۱ ۔ پس سیل کے لیئے بہت سے حکما کا مجرب ہے ۔

دھماسہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۴۰ گرام

بیروزہ مصفٰی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۰ گرام

پھٹکری بریاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۰ گرام

خارخشک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۰ گرام

پوست ریٹھہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۰ گرام

ہلدی مدبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۰ گرام

روح طوطیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۰ گرام

خوراک : ۵۰۰ ملی گرام روزانہ تین مرتبہ ہمراہ عرق چوب چینی ایک کپ استعمال کریں ۔

﴿ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ ، پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن﴾

روح طوطیا بنانے کا دوسرا طریقہ

اجزاء:

نیلا تھوتھا سو گرام، جست سو گرام۔

طوطیا جوکوب کرلیں اور جست کے چھوٹے چھوٹے باریک ٹکڑے کرلیں۔

ان دونوں کو کسی کانچ کے برتن میں ڈال دیں اور اس پر عرق گلاب ڈال دیں، عرق قریب دو بوتل ہو تو تھوڑی دیر بعد اس کے اندر ری ایکشن شروع ہو جائے گا، تین چار دن تک بلبلے اٹھتے رہیں گے اس دوران اس برتن کو دو چار گھنٹے بعد ہلاتے رہیں جب بلبلے نکلنے موقوف ہو جائیں تو پانی کو آہستہ سے نتھار لیں۔

نوٹ :۔ نتھارنے کا عمل بہت احتیاط سے کریں نیچے بیٹھا ہوا کوئی بھی زرّہ ہانی کے ساتھ شامل نہ ہو۔

اور کسی برتن میں رکھ کر پکائیں جب پانی ختم ہو جائے گا تو نیچے سفید پورڈر ملے گا اسے اکھٹا کر کے محفوظ کرلیں۔ یہ پورڈر روح طوطیا ہے۔

اس کی خوراک چوبیں گھنٹے میں صرف ایک بار ایک رتی ملائی و غیرہ میں رکھ کر دیں۔

فوائد: جن زخموں سے پیپ آرہی ہو، جو زخم سڑ گل گئے ہوں، بے حد مصفی خون ہے، خون کو بند کرتا ہے زخم کا ہو، حیض کی زیادتی ہو یا دوران حمل ہو، جسم کے کسی بھی حصے سے ہو فوراً روکتا ہے۔

کیمیا والے تو اس سے بہت کام لیتے ہیں۔

سفوف احمر

یہ طب جدید شاہدرہ والوں کا ایک نہایت لاجواب نسخہ ہے۔ بدن کے کسی بھی حصہ میں درد ہو اس کی محض ایک خوراک پانی سے کھلا دینے سے اللہ کے فضل سے پانچ منٹ میں درد رک جاتا ہے۔ کسی بھڑ، ڈیموں یا بچھو کے کاٹے کے درد کو پہلی خوراک سے فوراً سکون مل جاتا ہے۔ بخار میں بے چینی، گھبراہٹ اور پیاس وغیرہ کی علامات چند منٹ میں دور کرتا ہے۔ بخار اتارتا ہے۔ سر درد، کمر درد، ذات الجنب اور چوٹ وغیرہ کی دردوں کو فوری آرام بخشتا ہے۔ انگریزی دوا "اسپرین و ڈسپرین" سے زیادہ سریع الاثر ہے۔

هُوَالشَّافی:۔

نمک خوردنی ایک پاؤ کو کسی آہنی برتن میں رکھ کر آگ پہ رکھیں۔ اور تیز سرکہ کی ایک بوتل تھوڑی تھوڑی اس نمک پہ ڈالتے رہیں۔ حتیٰ کہ

تمام بوتل جذب ہو جائے۔ اب اسے آگ سے نیچے اتار کر کشتہ گوَدنتی دس تولہ اور گیرو پانچ تولہ ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک :۔ 250 ملی گرام سے 500 ملی گرام ہمراہ آب تازہ۔

﴿ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ، پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن﴾

درج ذیل نسخہ بھی بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ معمول مطب بنانے کے لائق ہے۔

جوڑوں، پٹھوں اور گنٹھیا کا درد

هُوَالشَّافی

مغز بادام ۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

اذراقی مدبر۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

فلفل سیاہ۔۔۔۔۔۔۔ 25 گرام

فلفل دراز۔۔۔۔۔۔۔ 25 گرام

قرنفل۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 25 گرام

منقہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 100 گرام

ترکیب :۔ تمام اجزاء کا سفوف بنا کر منقہ بغیر بیج کے ڈالکر اچھی طرح کوٹ لیں جتنا زیادہ کوٹیں گے اتنا اچھا رزلٹ ملے گا۔ اب آپ تیار شدہ مواد سے نخودی گولیاں بنا لیں، تیار ہے۔

مقدار خوراک :۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔ کے ساتھ

نوٹ ۔ گرمیوں میں ایک گولی روزانہ دے سکتے ہیں۔

فوائد۔ جوڑوں کا درد۔ پٹھوں کا درد۔ اعصابی کھچاؤ۔ گنٹھیا کے درد۔ کیلئے مفید و موثر ہے۔

درد سینہ کے لیے فوری اثر

اجوائن دیسی حسب ضرورت لیکر ہلکا بریاں کریں اور خوب سفوف بنائیں پھر زردی بیضہ مرغ اتنی ملائیں کہ مرہم کی طرح بن جائے اب سینہ میں جہاں درد ہو وہاں لیپ کریں اور اوپر کپڑے سے ڈھانپ دیں اور کمبل وغیرہ اوڑھ لیں ان شاء اللہ پہلی ہی بار سے شفاء ہو جاتی ہے حد تین بار کافی ہوتا ہے درد سینہ جس بھی وجہ سے ہو خصوصا سردی کی وجہ سے یا ریح کی زیادتی کی وجہ کے لیے فوری موثر گھریلو آسان علاج ہے۔

﴿حکیم آصف رضا تلہ گنگ : 03015234352﴾

عجائبِ طب

درد سر کے لیے بہت ہی آزمودہ عجائب طِب نسخہ ہے۔

هُوَالشَّافی:

سونٹھ ایک تولہ کپڑچھان شدہ، گیرو تین تولہ کپڑچھان شدہ۔

دونوں کو خوب مکس کرلیں تیار ہے

بوقت ضرورت دو دو سلائی دونوں آنکھوں میں بطور سرمہ لگائیں سرمہ لگاتے ہی آنکھوں سے پانی بہنا شروع ہوجائے گا اور درد سر فوری ختم ہو جائے گا ان شاء اللہ۔ یہ سرمہ میرے محلے میں بہت مشہور ہے لوگ آتے ہیں وہاں ہی سرمہ ڈالتے ہیں اور دعائیں دیتے واپس جاتے ہیں۔ مجرب لمجرب ہے جسکا دل چاہے آزمائے اور شکر خداوند کریم بجالائے۔ ﴿حکیم آصف رضا تلہ گنگ﴾

دردوں کے لئے

سنڈھ۔ اسگندھ۔ سورنجاں شیریں۔ مرچ سیاہ۔ کٹھ شیریں۔ ہر ایک 50گرام۔ اجوائن خراسانی 25گرام۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک ایک ماشہ صبح۔ دوپہر۔ شام

فوائد وجع المفاصل عرق النساء اور کمر درد میں نہایت مفید ہے

اگر کمر کے مہروں میں گیپ آ جائے تو اس دوا کے ساتھ یہ والی گولی صبح شام دیں۔

کہربا 1 تولہ۔ رال 2 تولہ۔ گوند کیکر 1 تولہ۔ باریک پیس کر نخودی گولی بنالیں۔

﴿حکیم شاہد جاوید حویلیاں ایبٹ آباد: 5457382 333 92+﴾

آدھے سر کا درد

ایک چمچ پانی میں ایک رتی نمک ڈال کر حل کر لیں اور یہ پانی درد کی مخالف سائیڈ والی طرف کے ناک میں ڈالیں جیسے وضو کرتے وقت ناک میں پانی ڈالتے ہیں اس طرح پانی زور سے ناک میں کھینچنا ہے آدھے سر کا درد فی الفور ٹھیک ہو جائے گا یہ عمل صرف ایک ہی مرتبہ کرنا ہے۔ بوقت درد یہ عمل کرنا ہے اور اطریفل زمانی صبح و شام کھلائیں ان شاء اللہ دوبارہ تا زندگی یہ تکلیف نہیں ہوگی۔

﴿حکیم سید اعجاز حسین، ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ صاحب﴾

دمے کا مجرب نسخہ

چلیں آج ایک صدری تحفہ سب دوستوں کے نام دمے کا مجرب نسخہ جو تقریباً سمجھو تو مفت میں ہی تیار ہونے والا ھے مگر رزلٹ ہزاروں کی دواوں سے بھی زیادہ ھے نسخہ کچھ یوں ھے کے تمہ تازہ حسب ضرورت لے کر کسی روغنی ھنڈیا میں یا شیشے کے جار میں برابر وزن پرانا گڑ جو بھینسوں کو کھلاتے ھیں لے کر اچھی طرح مضبوطی سے بند کر کے کسی گوبر کی روڑی میں 40 دن کے لیے دفن کر دیں بعد میں پن چھان کر رکھ لیں آدھی چمچ سوتے وقت مریض کو گرم پانی سے پلادیں دو سے تین دن میں پھیپھڑے بلغم سے پاک کرنے کی صلاحیت رکھتا ھے مجرب المجرب ہے سب دوست لازمی بنا کر رکھیں اور غریب لوگوں کی دعائیں لیں۔

﴿حکیم ابو احمد علی زئی :00966596484586﴾

تحفہ برائے پتھری گردہ و مثانہ

نسخہ گردہ و مثانہ وغیرہ کی پتھری کیلیئے ایک تحفہ ہے۔

هُوَالشَّافِی:

دال کلتھی۔۔۔۔۔۔۔۔ایک پاؤ

فلفل سیاہ۔۔۔۔۔۔۔۔50 گرام

ترکیب : دونوں کا موٹا موٹا سفوف بنالیں۔

استعمال : ایک چمچ کھانے والا ایک گلاس پانی میں ڈال کرا بالیں جب 3، 4 جوش آ جائیں تو اتار کر ٹھنڈا کر کے پلائیں جو ادویہ نیچے بیٹھی رہ گئی ہیں یہ بھی کھا لینی ہیں ذائقے کے لیے تھوڑا نمک بھی ڈالا جا سکتا ہے۔

دن میں دو بار بنا کر پی لیا کریں۔

چند دنوں میں سخت سے سخت پتھری بھی اللہ کے فضل سے خارج ہو جائے گی میرا بارہا کا آزمودہ ہے آپ بھی تجربہ کریں۔

﴿حکیم سید اعجاز حسین گیلانی لاہور، ڈاکٹر تنویر اقبال﴾

دردیں ہمہ اقسام

✍ کسی بھی دوست کے پاس کسی بھی قسم کا کوئی ایسا نسخہ ہے جو پہلی خوراک سے درد (ہمہ اقسام) کو مستقل یا وقتی طور پہ دور کر دے تو شیئر فرمائیں۔ ﴿ڈاکٹر تنویر اقبال﴾

✍ سنگ دانہ مُرغ سفوف 3 تا 5 گرام، درد گردہ کو 10 منٹ میں ختم کرتا ہے۔ مسلسل استعمال سے پتھری بھی خارج ہو جاتی ہے، بارہا کا مجرب ہے۔

﴿حکیم قاری محمد اسلم 0300 4448816﴾

دیسی مرغی کا سنگدانہ زیادہ بہتر ہے۔ دیسی مرغی کی دوکان سے تازہ لے کر نمکین پانی سے اچھی طرح دھو لیے جائیں۔ چھاننی میں رکھ کر کسی ٹرے میں رکھیں اورچھاننی کو ٹرے کی سطح سے ایک انچ یا اس سے زیادہ اونچا رکھیں۔ (مقصد ہر طرف سے ہوا لگے۔ بہتر ہے گرم ہوا لگے اِس سے جلد ہی خشک ہوجاتے ہیں۔)

﴿حکیم رانا عبدالستار: 6323623 321 92+﴾

درد گردہ کیلیئے

میرا تجربہ

درد گردہ کے ایک مریض کو میٹھے سوڈے کا ایک درمیانہ کیپسول (500ایم جی) ہمراہ گرم پانی دینے سے فوری آرام آیا تھا۔

﴿حکیم ابوتراب: 6103740 336 92+﴾

اکسیر سرخ

ویسے تو اکسیر سرخ کے نام سے کئی ادویات ہیں۔ایک کا نسخہ لکھ دیتا ہوں۔

گیرو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔10گرام

نوشادر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔50گرام

فلفل سیاہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔50گرام

مثل غبار کر کے ائیر ٹائٹ شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک : بڑوں کو ایک سے ڈیڑھ رتی، بچوں کو دو چاول سے نصف رتی۔

خشک امرت دھارا ہے۔ اکثر امراض میں فوری اثر ہے۔

فوائد : خرابی ہضم، پیٹ درد، بخار، کھانسی، نزلہ، زکام میں سریع الاثر ہے۔ دانت درد کے لیئے بطور منجن، آنکھ کے پڑوال میں بطور زرور یا سرمہ مستعمل ہے۔ جمے ہوئے ریشہ میں بطور نسوار اکثر حکما کا مجرب ہے۔

سفوف سُرخ

سر تنویر بٹ صاحب آپ نے جو نسخہ بتایا ہے اکسیر سرخ کا اس متعلق تو کوئی تجربہ نہیں لیکن اس سے ملتا جلتا ایک نسخہ جو کہ میرا ذاتی تجربہ ہے اس کے اجزا بالکل اس سے ملتے جلتے ہیں اُس میں اور اِس میں صرف ایک جُزو کا فرق ہے۔

گیرو، کالی مرچ، کالی زیری۔ اسے صرف خوراکی طور پر بھی استعمال کروا دیتا ہوں اور سرسوں کے تیل میں ملا کر بیرونی طور پر بھی استعمال کروا

دیتا ہوں جلدی امراض میں، اس کے علاوہ خون میں جو حرارت پیدا ہو جاتی ہے یعنی حدّت خون میں بھی اس کے بہت اچھے رزلٹ ہیں خاص طور پر پر جلد کے اوپر جو اُبھار نمایاں ہو جاتے ہیں جو بالکل چھپا کی طرح کے ہوتے ہیں اور ایسا لگتا ہے جیسے کوئی کیڑا جلد پر چل جائے تو وہ اپنے نشان چھوڑ جائے اس پر بھی اس کا بہت اچھا رزلٹ ہے، نام میں نے بھی اسی طرح سے اس کا رکھا ہوا ہے **"سفوف سرخ"** اور 1 گرام کا کیپسول فل کر کے ایک سے دو صبح و شام عمر کے لحاظ سے استعمال کرواتا ہوں۔

﴿حکیم حافظ محمد طلحٰہ سانگلہ ہل : 4866409 301 92+﴾

اکسیر سرخ کے بارے دوستوں کے تجربات و مشاہدات ہیں۔

جس میں **نوشادر، کالی مرچ اور گیرو** تین اشیا ہوتی ہیں جسے خشک امرت دھارے کا نام بھی دیا جاتا ہے۔

پیٹ درد کا فوری حل

جتنی بھی شدید پیٹ درد ہو یا پیٹ میں ریح ہو اس کے لیے شاندار رزلٹ کا حامل نسخہ ہے۔ اجزاء کچھ یوں ہیں۔

ست پودینہ ---------- 3 گرام

ست اجوائن ---------- 3 گرام

نوشادر ٹھکری۔۔۔۔۔۔۔۔ 125 گرام

میٹھا سوڈا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 250 گرام

تمام اجزاء کو یکجان کرلیں اور رگڑائی کرکے مثل غبار کرلیں، عمر کے لحاظ سے نیم گرم پانی کے ہمراہ استعمال کروائیں ان شاءاللہ جو بھی استعمال کروائے گا دعا میں ضرور یاد رکھے گا اور یہ نسخہ آپ کے مطب کی شان ہوگا اگر زیادہ مقدار میں بنایا جائے اور آپ کے پاس ایئر لاک جار نہ ہو تو نمی کی وجہ سے اس کا رنگ تبدیل ہو جاتا ہے لیکن ریزلٹ پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

﴿حکیم حافظ محمد طلحہ آف سانگلہ ہل : 4866409 301 92+﴾

ملین 45

(فارماکوپیا حکیم شاکر)

ھُوَالشَّافی:

زنجبیل، فلفل سیاہ، نمک سیاہ، نوشادر ٹھیکری، اسطخودوس، پیپلامول ہر ایک 10 گرام۔ سہاگہ سفید خام، سورنجاں شیریں سورنجان تلخ، ہر ایک 20 گرام۔ برگ مدار زرد خشک، سوڈا خوردنی، سونف، زیرہ سفید، پودینہ خشک ہر ایک 30 گرام۔ ہلدی دیسی، ریوند خطائی ہر ایک 60 گرام۔ کل اجزاء : سولہ عدد

ترکیب تیاری :

سب ادویہ صاف ستھری کر کے سفوف بنالیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک :

دو سے تین گرام دواء دن میں تین مرتبہ ہمراہ دودھ یا بدرقہ مناسبہ۔

افعال واثرات :

گرم تر۔ تر گرم اجزاء پہ مشتمل نسخہ ہے۔ اس لحاظ سے مقوی و محرک دماغ و اعصاب ہے۔ بدن میں حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے۔ جگر کی مشینی اور دماغ کی کیمیاوی تحریک شروع کرتا ہے۔

خواص وفوائد :

اعصاب میں کرنٹ دوڑا دیتا ہے۔ پولن الرجی۔ چھینکیں۔ جیسی علامات کو شافی ہے۔ خون کو پتلا کر کے شرائین واوردہ کے سدّے تحلیل کرتا ہے۔ سکستھ نروپالسی، درد شقیقہ کے لیے از بس نافع مجرب ہے۔

بہرہ پن، قشری کھانسی، کان بہنا، نزلہ، سر درد، پٹھوں کے درد، دماغی رسولیاں،

ناف ٹلنا فالج اسفل، لقوی بال گرنا، گھٹنوں کا درد، نقرس، جوڑوں کے درد، عرق النسا، موہروں کا گیپ، ڈسک پنکچر ہونا، موہروں کے

اپریشن کے دوران جو انجیکشن لگتا ہے اس کے بد اثرات اور درد کو بھی ختم کرتا ہے۔

بواسیر بادی و خونی، ترشی تیزا بیت معدہ پر بھی نہایت مفید دواء ہے۔ مزید اس میں کولینبز سنڈروم بھی شامل ہوگیا ہے۔

صفت خاص :

نہایت مقوی و محرک دماغ و اعصاب نسخہ ہے۔ اس لیے ضعف باہ بوجہ ضعف دماغ و ضعف معدہ کے لیے مجرب ہے۔ خاص الخاص اعصابی خدر کے باعث عین وقت پر انقطاعِ رابطہ کے لیے تیر بہدف دوا ہے۔

مرتبہ :

یہ نسخہ میرے استاد محترم جناب حکیم پروفیسر شاکر صاحب کے استاد محترم جناب حکیم محمد شبیر صاحب کا ہے۔

ڈاکٹر سید رضوان شاہ گیلانی : 00923007829154

تصدیق : حکیم ابو احمد علی زئی : 00966596484586

دردوں کے لیئے

هُوَالشَّافی: سنڈھ، اسگندھ، سورنجاں شیریں، مرچ سیاہ، کٹھ شیریں۔ ہر ایک 50 گرام، اجوائن خراسانی 25 گرام۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ صبح۔ دوپہر۔ شام

فوائد: وجع المفاصل عرق النساء اور کمر درد میں نہایت مفید ہے

اگر کمر کے مہروں میں گیپ آجائے تو اس دوا کے ساتھ یہ والی گولی صبح شام دیں۔

کھربا 1 تولہ۔ رال 2 تولہ۔ گوند کیکر 1 تولہ۔ باریک پیس کر نخودی گولی بنالیں۔

حکیم شاہد جاوید حویلیاں ایبٹ آباد۔ 5457382 333 92+

پیپر منٹ کیپسول

ھوالشافی:

مغز کرنجوہ 125 گرام، کچور 250 گرام، روغن دار چینی 10 گرام، روغن سونف 10 گرام، روغن الائچی 10 گرام، پیپر منٹ 10 گرام۔

ترکیب تیاری : مغز کرنجوہ اور کچور کا سفوف تیار کرلیں اور پھر روغن و پیپر منٹ وغیرہ مکس کرکے ڈبی میں بند کرکے محفوظ کرلیں یا 100 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

استعمال : 100 ملی گرام کا کیپسول پانی کے ساتھ استعمال کروائیں۔

فوائد : پیٹ درد، پیٹ میں وٹ پڑنا، بخار کی وجہ سے منہ کا ذائقہ کڑوا ہونا نیز معدہ کے جملہ امراض کیلیئے فوری اثر اور سود مند ہے۔

﴿حکیم مدثر حسین جھنگ : 03465595346﴾

کوئیک پین کِلر (Quick Pain Killer)

ڈاکٹر تنویر اقبال بٹ، پاک طبی ریسرچ فاؤنڈیشن۔

هُوَالشَّافِی:

اجوائن دیسی نیم بریاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 100 گرام

سہاگہ بریاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

میٹھا سوڈا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 50 گرام

مرچ سیاہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 25 گرام

تمام ادویات کا سفوف مثل غبار کرکے کسی ایئر ٹائٹ شیشی میں محفوظ رکھیں۔

فوائد واستعمال : پیٹ کی کسی بھی قسم کی درد مثلاً پتہ درد، گردہ درد، اپینڈکس درد، معدہ درد، آنتوں میں درد وغیرہ میں بلا مبالغہ فقط پانچ منٹ میں درد سے تڑپتا ہوا مریض سکون محسوس کرتا ہے۔

اپنے مطب پہ ہی مریض کی عمر وغیرہ کو دیکھ کر ایک گرام سے تین گرام تک دوا نیم گرم پانی سے استعمال کروا دیں۔ ان شاء اللہ پانچ منٹ کے اندر اندر درد موقوف ہو جاتی ہے۔ متعدد مرتبہ تجربہ ہو چکا ہے۔ بلکہ بندہ ایک ہزار روپیہ ایک ایلوپیتھک ڈاکٹر سے انعام بھی وصول کر چکا ہے۔

اس بات کا اظہار کرنا ضروری ہے کہ یہ نسخہ جناب طیب الحق مرزا صاحب اور جناب امانت علی صاحب کے بیان کردہ دو علیحدہ علیحدہ نسخوں کو ترتیب دے کر تیار کیا گیا اور کامیاب رزلٹ دیکھ کر معمول مطب بنا لیا گیا۔ اور تمام دوستوں کو معمول مطب بنانے کی سفارش بھی کی جاتی ہے۔

پیٹ درد کیلیئے

عام پیٹ درد کیلیئے فوری اثر ایک منٹ میں آرام۔

آپ کے مطب میں کوئی عام سا چورن مریض کو پانی سے کھلا کر ایک گلاس میں چوتھائی حصہ پانی لے کر اس میں دو سے تین چٹکی ست لیموں

ڈالیں چار چمچ سرکہ تیزابی ڈال کر ہلائیں آخر میں چوتھائی چمچ میٹھا سوڈا ڈال کر جلدی سے پلا دیں انشا اللہ ایک منٹ میں درد سے آرام ملے گا۔

﴿محمد اعظم ندیم: +92 300 4169844﴾

درد گردہ

مریض روتا آئے اور مسکراتا جائے۔

جوکھار 3 گرام پانی میں ملا کر ایلوا ایک گرام اسی پانی کے ساتھ کھلا دیں 15 منٹ میں مریض خوش۔

نوٹ :۔ اگر پتھری نہ ہو تو۔

﴿حکیم محمد بلال تبسمؔ : +92 302 6414745﴾

ہائی بلڈ پریشر و سر درد

✍ اس نسخہ کی مشابہ ایک نسخہ کنزالمجربات میں موجود ہے وہ بھی امراض مذکورہ میں بہت مؤثر اور میرا مجرب ہے۔

+93 78 703 1475

هُوَالشَّافی:

1۔ اسطوخودوس ۔۔۔۔۔۔ 100گرام
2۔ تخم کشنیز ۔۔۔۔۔۔۔ 100گرام
3۔ مرچ سیاہ۔۔۔۔۔۔۔۔ 100گرام
4۔ اجوائن دیسی ۔۔۔۔۔ 100گرام
5۔ اسرول۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 100گرام

500 mg کیپسول بھرلیں دن میں 2 سے 3 مرتبہ یا حسب ضرورت استعمال کروائیں۔

فوائد: ہائی بلڈ پریشر، سر درد، ہر قسم درد۔

درد گردہ نسخہ (1)

فرسٹ ایڈ میڈیسن برائے درد گردہ اور درد گردہ ریحی کے لیے۔

هُوَالشَّافی: اجوائن دیسی، میٹھا سوڈا، چینی۔

✍ تینوں ہم وزن سفوف بنا لیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک:

عمر اور وزن کے حساب سے پانچ سو ملی گرام سے ایک گرام تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: درد گردہ ریحی کو منٹوں میں ختم کرتا ہے۔

﴿ڈاکٹر سیّد عابد عباس: 7272579 344 92+﴾

درد گردہ نسخہ (2)

هُوَالشَّافِی:

کشتہ حجر الیہود ہمدرد 10 گرام، نوشادر ٹھکری 10 گرام۔

دونوں کو کھرل کر کے ایک دو دن کے لیے چھوڑ دیں پانی بن جائے گا اوپر سے نتھار کر ڈراپر بھر کے رکھ لیں تیار ہے۔

مقدار خوراک:

عمر اور وزن کے حساب سے دو تا پانچ قطرے زبان پے ڈال دیں یا ایک گھونٹ پانی میں ڈال کر پلا دیں اور قدرت خدا کا کرشمہ دیکھیں۔
چند سیکنڈ میں ہی درد گردہ ختم ہو جائے گا ان شاء اللہ۔

تحریر: حکیم و ہومیو ڈاکٹر سید محمد عابد عبّاس نقوی فرام ملکہ ہانس پاکپتن شریف

03447272579، 03009489497

برائے درد شقیقہ

طب یونانی کا مایہ ناز فارمولا:

اسطوخودوس، فلفل سیاہ، کشنیز خشک۔

ہم نے آملہ خشک کے اضافہ سے اس کا شربت تیار کیا ہے۔

﴿سیّد محمد اسلم شاہ گیلانی : 6878528 306 92+﴾

فرسٹ ایڈ برائے ایمرجینسی

اکثر اوقات ہمارے ہاں ایسے بچے بڑے بوڑھے لائے جاتے ہیں جن کو کوئی نوک دار چیز جیسے کانٹا کیل کانچ وغیرہ لگا ہوتا ہے اور بسا اوقات جسم کے آرپار بھی ہوا ہوتا ہے یہ ایک ایمرجینسی اور شدید درد کی حالت ہوتی ہے جسکو اکثر ریفر کر دیا جاتا ہے مگر میں آج آپکو ایک ایسا طریقہ بتانے جارہا ہوں جس سے آپ اس ایمرجینسی سے بآسانی نمٹ سکتے ہیں اور مریض کو ریلیف پہنچا سکتے ہیں اور طب اور طبیب کا نام روشن کر سکتے ہیں۔

آپ کے پاس اگر کوئی ایسا کیس آئے جیسے کیل، کانٹا، کانچ یا کوئی اور نوکیلی چیز لگی ہو جسکو نکالنا مشکل لگ رہا ہو تو آپ نے کرنا کچھ یوں ہے کہ اس کے اوپر شیر مدار کے چند قطرے ڈال دینے ہیں اگر آرپار ہو تو دونوں طرف ڈال دیں اور دس سیکنڈ کے بعد اسکو ایسے نکال لیں جیسے مکھن سے بال نہ کوئی درد ہوگا اور نہ ہی کوئی زور لگے گا۔

میں نے اس طریقہ سے متعدد بار نیڈل، کیل، کانٹے نکالے ہیں ان کے بارے بتانے لگ جاؤں تو تحریر کافی لمبی ہو جائے گی بس اتنا ہی کہوں گا کہ جو طبیب بھی ایک بار آزمائے گا دعائیں دے گا۔

تحریر: طبیب و ہومیو ڈاکٹر سید محمد عابد عبّاس نقوی فرام ملکہ ہانس پاکپتن شریف: 03447272579، 03009489497

دَردِ پِتّہ

دوسرا نسخہ پتہ کی درد کے لیے، جس کی کافی تصدیقات موصول ہو چکی ہیں۔ پتہ کے درد کے لیئے سردی کے موسم میں میٹھا سوڈا اور دیسی اجوائن ہموزن، چائے والا آدھا چمچ ہمراہ پانی دیں ان شاءاللہ دس منٹ میں درد رک جاتی ہے اگر گرمی کا موسم ہو تو اسی میں **سہاگہ بریاں، قلمی شورہ، جوکھار، نوشادر، زیرہ سفید، ریوند خطائی** تمام ادویات ہموزن، اِسے اِندری جلاب بھی بولتے ہیں، آدھا گرام اس اندری جلاب کی خوراک اور دو گرام میٹھا سوڈا اور دیسی اجوائن والا مرکب دونوں ملا کر ایک خوراک ہمراہ پانی دے دیں ان شاءاللہ پتہ کی درد دس منٹ میں رک جائے گی، مزید کوئی پانچ دن دوا بھی مریض کو اسی میں سوسی شامل کر کے دے دیں۔

سُوسی کا نسخہ مشہور و معروف ہے، **ہلدی، ملٹھی، سونف** برابر وزن۔

خوراک: آدھا گرام۔ ﴿حکیم قاری عطاء الرّحمان﴾

بدہضمی و پیٹ درد

پیٹ درد بوجہ گیس، اپھارہ، بدہضمی کے لیے ہاضم پانچ ثلاثہ کا اور چینی آدھا کلو پیس لیں ایک پاؤ میٹھا سوڈا شامل کرلیں اور اس میں چھ گرام ست پودینہ اور چھ گرام ست اجوائن شامل کرلیں ایک گرام کی خوراک ہاضم پانچ اور ایک گرام یہ میٹھے سوڈے والی دونوں ملا کر ہمراہ پانی 15 منٹ کے وقفے سے حسبِ ضرورت دو تین مرتبہ دے دیں۔

ان شاءاللہ گیس، اپھارہ، بدہضمی، درد، جلن سب ٹھیک ہوجائیگا۔

﴿حکیم قاری عطاءالرّحمان: 4930367 300 92+﴾

ریسکیو1122

درد گردہ، موسمی بخار کی شِدّت، پیٹ درد، سر درد، ہیضہ اور اُلٹی کی صورت میں امرت دھارا کے قطرے تھوڑے سفوف اجوائن دیسی میں ملا کر کھلانے سے پیٹ درد، درد گردہ، درد مثانہ، بچھو و بھڑ کے کاٹنے، سر درد میں بیرونی استعمال اور داڑھ درد کی صورت میں کھوڑ میں لگانے سے مریض کو فی الفور آرام آجاتا ہے۔

﴿طبیب ظفر اقبال نول سیکرٹری انفاریشن پاکستان نیچرل یونانی میڈیکل ایسوسی ایشن﴾

دَرد گردہ و پتھری گردہ

دردگردہ اور گردہ کی پتھری کے لئے نسخہ حاضر خدمت ہے۔

مغز فندق کو پیس لیں اور درد گردہ کہ مریض کو 2 گرام کی خوراک سپرائٹ کے ساتھ دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دس منٹ میں دَرد رُک جائے گی بیس منٹ کے وقفے سے 2 گرام کی مزید 2 خوراکیں سپرائٹ کے ساتھ اور دے دیں ان شاء اللہ کے فضل و کرم سے دوبارہ درد نہیں ہوگا اور اسی کی ایک گرام کی خوراک دن میں میں تین مرتبہ ہفتہ دس دن کے لیے دے دیں اللہ کے فضل و کرم سے یورک ایسڈ اور کیلشیم دونوں کی پتھریاں نکل جاتی ہیں 15 ایم ایم کی پتھری ریت بن کر نکل جائے گی۔

﴿سیّد زاہد حفیظ لاہور﴾

روغن دافع درد و بالچر

هُوَالشَّافی:

روغن تارپین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 30 گرام

ست اجوائن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 1 گرام

ست پودینہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 1 گرام

کاربالک ایسڈ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 5 قطرے

فوائد و استعمال :

دانت کے درد کو فوراً ختم کرتا ہے، چوٹ کے درد کو دُور کرتا ہے اور بالچر کا شافی علاج ہے، پیٹ کے کیڑوں میں ازحد مفید ہے، زخموں کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

اس کے استعمال سے زخم میں پیپ نہیں بنتی اور زخم بہت جلد ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

مندرجہ بالا فوائد اللہ کے فضل و کرم سے مجھے ملے ہیں، کئی سال سے معمول مطب ہے۔

﴿حکیم قاری محمد اسلم : +92 300 4448816﴾

ہمہ مزاج دردوں کیلئے

اس سے ملتا جلتا میرا آزمودہ۔ صرف **لونگ** کو شیر مدار میں بھگو کر 3 عمل کر لیں یا پھر لگاتار اتنا تر رکھیں کہ لونگ خوب پھول جائیں۔ خشک ہونے پر کسی بھی گھی وغیرہ سے معمولی تر کر کے کسی بھی چھوٹی ہانڈی یا پرانے بلب میں ہلکی دھیمی آنچ پہ اتنا پکائیں کہ سرخ ہو جائے۔ بعد ازاں نیم بریاں تخم حرمل اور قسط شیریں ملا کر کل تین اجزاء ہموزن کر کے کھرل کریں اور چھوٹے چنے برابر گولی رات کو دودھ کے ساتھ دیں۔ یہ سردیوں کی دوائی ہے اور قریب ہر مزاج کے بزرگ کو دردوں سے نجات دیتی

ہے۔ نصاب ایک ماہ۔ سخت سردی میں حسب موقع ہموزن **دار چینی اور کوکنار** کے سفوف ایک چائے والا چمچہ کو قہوہ بنا کر اسکے ساتھ دیں۔ صبح بہت دعائیں دیگا۔

﴿ڈاکٹر سید ہاشم گیلانی، پشاور﴾

گلے کے درد اور خراش کیلیئے قہوہ

هُوَالشَّافِي:

گل بنفشہ، بہی دانہ، کوزہ مصری ہر ایک 2 گرام ایک کپ دودھ یا پانی میں قہوہ بنالیں۔

دن میں تین، چار بار استعمال کروائیں۔

سفوف ورم لوزتین

هُوَالشَّافِي:

ہلدی خورد خشک کردہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ 30 گرام
دانہ ہیل خورد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 20 گرام
برگ گاؤزبان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 20 گرام
عقرقرحا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 15 گرام

تخم مولی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔15 گرام

قسط شیریں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔5 گرام

سب ادویہ کا سفوف بنالیں۔ ایک تا دو گرام ہر کھانے کے بعد آب تازہ یا مندرجہ بالا قہوہ سے دیں۔

فوائد: حاد و مزمن گلے کی خراش، درد حتّٰی کہ ٹانسلز تک مفید ہے۔

اہم نوٹ: اجزاء کا خالص اور فریش حالت میں ہونا اولین شرط ہے۔

﴿ڈاکٹر ایم ادبی: 03217275732﴾

تمام شُد

تدوین وترتیب وپی ڈی ایف میکر
حکیم ایم ارشد شاہین لاہور کینٹ
0323-4422244